QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 127 **بجلی بند رہنے کی اطلاع**

کوئٹہ: 24 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع اور دیگر ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں بجلی کے نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کیلئے 25 نومبر کو (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv نیو جان محمد، اولڈ جان محمد روڈ، خیر بخش مری، اولڈ لیاقت بازار اور مری آباد گرڈ اسٹیشن کے کاسی ون فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاون، عالم خان، مالک، نواں کلی، ملک پلانٹ نیز زرغون گرڈ کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسی طرح 26 نومبر کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے سورج گنج بازار، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، کرانی، واسا، سمنگلی ایکسپریس، ہزارہ ٹاون، سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک۔انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے واسا، ایف جی ایس، شموزئی، سریاب مل، شاہنواز، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈرز سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں کے سلسلے میں 25 نومبر کو مستونگ اور کردگاپ گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی روز اوستہ محمد اور جھل مگسی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ 26 نومبر کو (بروز بدھ) 132kv زیارت گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے تا سہ پہر 3 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔ # # #